2023年5月16日ジャング紙ラホール版10面

# معروف ڈرامہ نگار، استاد،دانشور شعیب ہاشمی انتقال کرگئے

**16مئی ، 2023**

لاہور (شوبز رپورٹر، خصوصی نمائندہ) معروف دانشور، استاد، ڈرامہ نگار شعیب ہاشمی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے، انکی عمر 85 برس تھی اور کئی سالوں سے فالج کی وجہ سے بستر تک محدود ہو گئے تھے، وہ معروف شاعر فیض احمد فیض کی صاحبزادی سلیمہ ہاشمی کے شوہر تھے، شعیب ہاشمی گورنمنٹ کالج لاہور میں درس و تدریس سے وابستہ رہے، شعیب ہاشمی نے گورنمنٹ کالج لاہور سے گریجویشن اور لندن سکول آف اکنامکس سے ماسٹرز کیا، ان کے لکھے ہوئے طنزیہ پروگراموں نے مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم کئے، انکے مشہور ٹی وی پروگراموں میں باؤ ٹرین، اکڑ بکڑ، سچ گپ اور ٹال مٹول شامل ہیں، انھیں حکومت پاکستان نے 14 اگست 1995ء کو صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی عطا کیا تھا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے شعیب ہاشمی کے انتقال پر رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے منیزہ ہاشمی، سلیمہ ہاشمی اور دیگر اہل خانہ سے شعیب ہاشمی کی وفات پر ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ شعیب ہاشمی نے پی ٹی وی کے سنہری دور میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے طنز و مزاح کے پروگراموں میں نئی جہت متعارف کروائی۔ شعیب ہاشمی نے یادگار اور ناقابل فراموش ڈرامے لکھے۔ اُن کی وفات معاشرے، فن اور ادب کا بڑا نقصان ہے۔ وزیر اعظم نے اللہ تعالی سے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔ جبکہ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے بھی فیض احمد فیض کے داماد شعیب ہاشمی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اطلاعات مرحوم کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلی مقام اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت و حوصلہ عطا فرمائے۔